دو شہروں کے درمیان شرعی مسافت کے تعین کامعیار - 21 /Jan/ 2020

سوال: ایک شخص اپنے شہر سے کسی دوسرے شہر سفر کرتا ہے کہ جس کی ابتداء تک شرعی فاصلہ نہیں بنتا لیکن اس مقام تک جو اس کی منزل مقصود ہے شرعی فاصلہ بنتا ہے،کیاشرعی مسافت کے تعین کا معیار شہر کی ابتداء ہے یا شہر کا وہ مقام جو اس شخص کی منزل مقصود ہے؟

جواب: شرعی مسافت کے تعین کے لئے اپنے شہر کی آخری حدود سے، منزل مقصود شہر کی ابتداء تک کا حساب لگایا جائے گا، مگر یہ کہ مقصود شہر کے قرب و جوار میں کسی مخصوص یا مستقل جگہ جانے کا ارادہ رکھتا ہو کہ عرفی طور پر شہر تک پہنچنا منزل مقصود تک پہنچنا شمار نہ ہوتا ہو اور شہر،منزل مقصود تک پہنچنے کا صرف راستہ ہو ، جیسے کہ بعض یونیورسٹیاں یا چھاونیاں یا ہسپتال کہ جو شہر کے جوار میں ہوتے ہیں،اس صورت میں مسافت کے تعین میں اسی مخصوص مقام کو مد نظر رکھا جائے گا.